**02.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

**Music**

........................................................................

1 اترپردیش کے شہر ہاتھرس میں ایک مذہبی تقریب کے دوران بھگدڑ میں 75 افراد سے زیادہ ہلاک ہوگئے۔ صدرجمہوریہ، نائب صدرجمہوریہ اور وزیراعظم نے جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

2 وزیراعظم نریندرمودی نے لوک سبھا میں، اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی کی طرف سے ایک خاص برادری پر رائے زنی کئے جانے کے سبب، اُن کی نکتہ چینی کی ہے۔

3 لوک سبھا میں صدرجمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کا جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے یقین دلایا ہے کہ NEET امتحان کا پرچہ افشا ہونے کے کیس کے قصورواروں کو بخشا نہیں جائے گا۔

4 بھارت کے محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ مانسون پورے ملک میں معمول سے چھ دن پہلے آگیا ہے۔

5 برازیل میں سیلاب اور زمینی تودے کھسکنے سے ابھی تک تقریبا 180 افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔

7 اور ۔۔ بھارتی ٹیم جس نے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ جیتا ہے، امید ہے کل وطن واپس آجائے گی۔ ٹیم Barbados میں سمندری طوفان کے سبب پھنس گئی تھی۔

........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

### HATHRAS STAMPEDS

آج ہاتھرس ضلع کے Pulrai گاؤں میں ایک مذہبی اجتماع میں بھگدڑ کے سبب ہوئے سانحے میں 75 افراد ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ ایٹہ پولیس کے سینئر سپرنٹینڈنٹ راجیش کمار سنگھ کے مطابق Pulrai گاؤں میں ایک

سَت سنگ کے دوران گنجائش سے زیادہ ہجوم اکٹھا ہونے کے سبب یہ حادثہ پیش آیا۔ کئی زخمیوں کو اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے حادثے میں مرنے والوں کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے زخمیوں کی جلد شفایابی کی بھی دعا کی۔جناب یوگی نے زخمیوں کے جلد اور باقاعدہ علاج اور جائے حادثہ پر راحت کے کام میں تیزی لانے کیلئے ضلع انتظامیہ کے افسران کو ہدایت جاری کی ہے۔ انھوں نے افسران سے واقعہ کی وجہ کا **24** گھنٹے کے اندر پتہ لگانے کی بھی ہدایت جاری کی ہے۔وزیر اعلیٰ نے مہلوکین کے ہر ایک کنبے کو دو دو لاکھ روپے اور زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے کی مالی امداد دیئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ تقریب کا اہتمام کرنے والوں کے خلاف ایک **FIR** بھی درج کی جائے گی۔ حادثے کے تناظر میں ضلع انتظامیہ نے ہیلپ لائن نمبر جاری کئے ہیں۔

جو اس طرح ہیں:

صفر پانچ سات دو دو، دو دو، سات صفر چار ایک

اور

صفر پانچ سات دو دو، دو دو سات صفر چار دو

صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے سانحہ پر انتہائی افسوس کا اظہار کیا ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ اِس حادثے میں خواتین اور بچوں کی موت سے اُنھیں دلی صدمہ پہنچا ہے۔نائب صدر جناب جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ اُنھیں ہاتھرس میں بھگڈر کے اِس افسوسناک سانحے میں جانوں کی تلافی پر سخت افسوس ہے۔ جناب مودی نے اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ سے بات کی۔ لوک سبھا میں اظہارِ خیال کے دوران جناب مودی نے کہا کہ حکومت، حادثے کے متاثرین کو سبھی ضروری مدد فراہم کرے گی۔

**S/B: PM on Hathras**

جناب مودی نے وزیر اعظم کے قومی راحت فنڈ سے مرنے والے ہر فرد کے لواحقین کو دو دو لاکھ روپے اور ہر ایک زخمی کو پچاس پچاس ہزار روپے کی مالی امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔**x**

**LS PM**

وزیراعظم نریندرمودی نے لوک سبھا میں، اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی کی طرف سے ایک خاص برادری پر رائے زنی کئے جانے کے سبب، اُن کی نکتہ چینی کی ہے۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے، صدرجمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کا جواب دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ ایک سنجیدہ معاملہ ہے کہ کسی خاص برادری کے خلاف جھوٹے الزامات لگاکر، سازش رچی جارہی ہے۔ اُنھوں نے جناب گاندھی کا نام لئے بغیر کانگریس رہنما پر نکتہ چینی کرتے ہوئے اور اُن پر اگنی ویر اور **MSP** کے معاملات پر ایوان کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں

نے کہا کہ کانگریس رہنما کو ہتک عزت کے بہت سے مقدمات کا سامنا ہے۔ وزیراعظم مودی نے کانگریس پر، آئین اور ریزرویشن سے متعلق غلط معلومات پھیلانے اور لوک سبھا انتخابات کے بارے میں لوگوں کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔

**PM ON CONG JHOOTH**

انہوں نے خاص طور پر کہا کہ ان کی حکومت کو ''بھارت مقدم'' اور بدعنوانی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی اُس کی پالیسی کی رہنمائی حاصل ہے، جسے لوک سبھا انتخابات میں عوام کی طرف سے حمایت ملی۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت نے سب کیلئے انصاف، اور'' کسی کی خوشامد نہیں'' کی پالیسی پر عمل کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت سب کا ساتھ، سب کا وکاس کے اصول پر کام کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تیسری مدت میں بھی یہ حکومت بھرپور نتائج حاصل کرنے کیلئے اور زیادہ زوردار طریقے سے اور مزید تیز رفتاری سے کام کرے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ صدرجمہوریہ کے خطاب میں ''وکست بھارت'' کے عزم کی بات کہی گئی ہے اور ملک کی رہنمائی کیلئے اہم معاملات اٹھائے گئے ہیں۔ جناب مودی نے لوک سبھا کو یقین دلایا کہ حکومت، پرچہ لیک ہونے کے واقعات پر قابو پانے کیلئے جنگی پیمانے پر کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیٹ پیپر لیک واقعے کے قصورواروں کو بخشا نہیں جائے گا۔

**PM ON NEET**

جب وزیراعظم اپنی تقریر کررہے تھے تو اپوزیشن ارکانِ پارلیمنٹ، مختلف معاملات پر مظاہرہ کرتے ہوئے ایوان کے وسط میں آگئے۔ اسپیکر اوم برلا نے اپوزیشن کے اس رویے پر ناخوشی کا اظہار کیا اور اُن سے کہا کہ ایوان میں نظم وضبط برقرار رکھیں لیکن اپوزیشن ارکان، نعرے لگاتے رہے۔ جناب برلا نے کہا کہ ایوان میں اُن کا رویہ نامناسب ہے۔ X

**LS SINE DIE**

لوک سبھا کی کارروائی آج دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے، صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریہ کی تحریک شروع کرتے ہوئے لوک سبھا میں اسپیکر اوم برلا نے کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ لوک سبھا کا اجلاس پچھلے مہینے کی 24 تاریخ کو شروع ہوا تھا جسے آئندہ کل ختم ہونا تھا۔ X

**NEET EXAM CASE**

جلیل خان پٹھان اور سنجے جادھو کو، جنہیں نیٹ پیپر لیک کیس میں گرفتار کیا گیا تھا، چھ جولائی تک کیلئے سی بی آئی کی حراست میں دے دیا گیا ہے۔ اس کیس کو نیٹ گھوٹالے میں لاتور رابطے کی تفتیش کے بعد سی بی آئی کے حوالے کردیا گیا تھا۔ سی بی آئی نے اس کیس کی پوری طرح تفتیش کیلئے ملزمین کی حراست چاہی تھی۔ ملزمین کے وکیلوں

نے یہ کہتے ہوئے دونوں ملزموں کی عدالتی حراست کا مطالبہ کیا تھا کہ لاتور پولیس اس کیس کی تحقیق پوری کرچکی ہے۔ البتہ عدالت نے دونوں ملزمین کو سی بی آئی کی حراست میں بھیج دیا۔ X

## COAL RECORD

جون 2024 کیلئے، بھارت میں کوئلے کی پیداوار 8 کروڑ 46 لاکھ 30 ہزار ٹن تک پہنچ گئی۔ یہ شرحِ نمو، پچھلے سال کی اِسی مدت کے مقابلے تقریباً 15 فیصد زیادہ ہے۔ پچھلے سال کی یہ پیداوار سات کروڑ 39 لاکھ 20 ہزار ٹن تھی۔کوئلے کی وزارت نے بتایا کہ جون 2024 میں کول انڈیا لمیٹیڈ CIL نے، عارضی طور پر بتائی گئی مقدار کے مطابق چھ کروڑ 31 لاکھ ٹن کوئلہ کی پیداوار کی، جو پچھلے سال کی اِسی مدت کے دوران پانچ کروڑ اُناسی لاکھ 60 ہزار ٹن مقدار کے مقابلے 8 اعشاریہ آٹھ سات فیصد زیادہ ہے۔ وزارت نے مزید بتایا کہ جون 2024 میں جو کوئلہ، روانہ کیا گیا، اُس کی مقدار 8 کروڑ 57 لاکھ 60 ہزار ٹن رہی۔ یہ مقدار عارضی طور پر بتائی گئی ہے جو پچھلے سال کی اِسی مدت کے مقابلے دس اعشاریہ ایک پانچ فیصد زیادہ ہے۔ پچھلے سال کی یہ مقدار سات کروڑ 78 لاکھ 60 ہزار ٹن تھی۔ جون 2024 کے دوران CIL نے، عارضی طور پر بتائی گئی مقدار کے مطابق چھ کروڑ 41 لاکھ ٹن کوئلہ روانہ کیا تھا۔ X

## COAL REVIEW

کوئلے کی وزارت کے ایڈیشنل سکریٹری ایم ناگرجُو نے آج نئی دلّی میں ''کوئلہ پیدا کرنے والی اور پیداوار کے امکانات والی کوئلہ کانوں اور کمپنیوں کو دی گئی 'غیر فعال' کمرشیل کوئلہ کانوں کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اِس جائزہ میٹنگ میں کوئلے کی گھریلو پیداوار بڑھانے کے حکومت کے عزم پر توجہ مرکوز کی گئی۔کوئلے کی وزارت نے بتایا کہ گزشتہ مہینے کی 30 تاریخ تک کمپنیوں کو دی گئی 54 کمرشیل کوئلہ کانیں، کوئلے کی پیداوار کر رہی ہیں۔ اِن میں سے 32 کانیں بجلی کے شعبے، 12 کانیں غیر منظّم شعبے اور باقی 10 کانیں کوئلہ فروخت کرنے کیلئے الاٹ کی گئی ہیں۔ سال 2025 میں 11 کانوں سے کوئلے کی پیداوار کی توقع ہے۔ x

## COURT KEJRIWAL

دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی جانب سے اپنی گرفتاری کو چیلنج کرنے والی عرضداشت پر دلّی ہائی کورٹ نے آج CBI کو نوٹس جاری کیا ہے۔ جناب کجریوال نے مبینہ آبکاری پالیسی گھپلہ معاملے میں اپنی گرفتاری کو عدالت میں چیلنج کیا ہے۔ جسٹس نینا بنسل کرشنا کی بینچ نے اِس معاملے میں مرکزی ایجنسی کو 17 جولائی تک اپنا جواب داخل

کرنے کو کہا ہے۔ کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں 14 دن کی عدالتی تحویل میں بھیجے گئے وزیر اعلیٰ کجریوال کی CBI تحویل کی مدت 12 جولائی تک ہے، جسے وزیر اعلیٰ نے چیلنج کیا ہے۔CBI نے گزشتہ مہینے 26 جون کو وزیر اعلیٰ کجریوال کو اُس وقت باضابطہ طور پر گرفتار کرلیا تھا جب اُنھیں راؤز اوینیو عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ اس کے بعد انھیں جانچ پڑتال کیلئے تین دن کی CBI تحویل میں بھیج دیا گیا تھا۔ تہاڑ جیل میں گزشتہ ہفتے CBI کی جانب سے وزیر اعلیٰ کجریوال سے ہوئی پوچھ تاچھ کے بعد CBI کو جناب کجریوال کو عدالت پیش کرنے کی اجازت دی گئی۔ حال ہی میں دلّی ہائی کورٹ نے ٹرائل کورٹ کی جانب سے کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں وزیر اعلیٰ کجریوال کو دی گئی ضمانت پر یہ کہتے ہوئے روک لگا دی تھی کہ نچلی عدالت نے دستاویزات اور دلیلوں پر صحیح طرح سے غور نہیں کیا۔ x

## CHATTISHGARH MOISTS

چھتیس گڑھ کے نارائن پور ضلع میں آج ماؤنوازوں اور حفاظتی دستوں کے درمیان ہوئے تصادم میں تین ماؤنواز مارے گئے۔ پولیس کے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پربھات کمار نے بتایا کہ Kohkameta علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی سے متعلق خفیہ معلومات ملنے کے بعد DRG، STF، BSF اور ITBP کی مشترکہ ٹیم کو علاقے میں بھیجا گیا۔ ماؤنوازوں نے مہاراشٹر کی سرحد سے متصل جنگل میں حفاظتی دستوں پر حملہ کیا اور اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ حفاظتی دستوں نے فائرنگ کا جواب دیا۔ گولی باری کے تبادلے میں 3 ماؤنواز مارے گئے۔ اسی دوران حفاظتی دستوں نے ریاست کے سُکما ضلع مختلف مقامات سے 9 ماؤنوازوں کو گرفتار کرلیا ہے۔ اس کے علاوہ سُکما ضلعے میں آج ایک خاتون سمیت دو ماؤنوازوں نے خود سپردگی کر دی۔ اِن دونوں ماؤنوازوں پر فی کس 5 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ x

## SOUTHWEST MONSOON

مانسون پورے ملک میں آچکا ہے۔بھارت کے محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ مانسون آج ملک کے بقیہ حصوں، راجستھان، ہریانہ اور پنجاب میں بھی آ گیا ہے۔ اِس بار مانسون معمول کی تاریخ سے چھ دن پہلے آیا ہے۔ گجرات، بہار، آسام اور میگھالیہ میں الگ الگ جگہوں پر شدید سے، بہت شدید بارش ہوئی ہے۔ مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور اترپردیش میں کہیں کہیں، شدید سے بہت شدید بارش ہوئی۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ شمال مغربی، مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں اگلے چار سے پانچ دن بارش کا قوی امکان ہے۔ X

## BRAZIL DAY INDIA TEAM

برازیل کے جنوبی صوبے Rio Grande do Sul میں آئے سیلاب اور تودے کھسکنے سے ہوئی تباہی میں

کم از کم **179** افراد ہلاک ہوگئے۔ اِس حادثے میں **33** افراد لاپتہ بھی ہوگئے ہیں۔ صوبے کی سول ڈیفنس ایجنسی نے بتایا کہ **Guaiba** ندی کے لبریز ہونے کی وجہ سے جنوبی ریاست میں آئے سیلاب اور تودے کھسکنے سے ریاست کا قریب **90** فیصد حصہ متاثر ہے۔ ایجنسی کی تازہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو مہینے میں غیر متوقع شدید موسمی حالات کی وجہ سے **20** لاکھ **39** ہزار سے زیادہ باشندے متاثر ہوئے ہیں اور **4** لاکھ **50** ہزار سے زیادہ لوگوں کو نقلِ مکانی پر مجبور ہونا پڑا۔ارجنٹینا اور اُروگوئے کی سرحد پر واقع برازیل کے **Rio-grande do Sul** صوبے کو زراعت اور مویشیوں کے اعتبار سے انتہائی اہم سمجھا جاتا ہے۔ ریاست میں فوجیوں اور مقامی رضا کاروں کی مدد سے اب تک **89** ہزار سے زیادہ رہائشیوں اور **15** ہزار سے زیادہ مویشیوں کو بحفاظت باہر نکالا گیا ہے۔ **x**

## Wimbledon Murray

دو مرتبہ کے چمپئن **Andy Murray** نے ومبلڈن مردوں کے سنگلز مقابلے سے الگ ہوگئے ہیں۔ **37** سالہ کھلاڑی کی **10** دن پہلے ریڑھ کی ہڈی میں گلٹی کی سرجری ہوئی تھی۔ آج سینٹر کورٹ میں پہلے راؤنڈ میں ان کا مقابلہ چیک سلاوکیہ کے کھلاڑی **Tomas Mahac** سے ہونا تھا۔ البتہ **Murray** نے ڈبلز مقابلے میں کھیلنے کی تصدیق کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ان کا ارادہ ڈبلز مقابلے میں اپنے بھائی **Jaine Robert Murray** کے ساتھ کھیلنے کا ہے۔ **Murray** برطانیہ کے پیشہ ور کھلاڑی ہیں۔ **2016** میں وہ **41** ہفتوں تک عالمی نمبر ایک کے مقام پر رہے تھے۔**Murray**، **2013** اور **2016** میں ومبلڈن میں **2** گرانڈ سلام خطاب اور **2012** میں یو ایس اوپن ایک گرانڈ سلام خطاب حاصل کرچکے ہیں۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆